2024-12-18

Hrs08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبر نامہ

(Music)

آداب: خبر نامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- حکومت نے "ایک ملک، ایک انتخاب" بِل کو، وسیع مشاورت کے لیے، مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے سپرد کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ BJP اپنی حکمرانی کے تحت ہر ریاست میں یکساں سِول کوڈ نافذ کرے گی۔

3- امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی، اگلے سال تعلیمی اداروں میں، داخلے کے لیے صرف داخلہ امتحانات کرائے گی اور وہ بھرتی سے متعلق کسی امتحان کا انعقاد نہیں کرائے گی۔

4- قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال آج بیجنگ میں، بھارت-چین خصوصی نمائندوں کی بات چیت میں حصہ لیں گے۔

5- سری لنکا، اگلے مہینے سے، بھارتی باشندوں کو سفر کے لیے مفت ویزا فراہم کرے گا۔

6- اور ویسٹ اِنڈیز نے خواتین کے T20 بین الاقوامی میچ میں، بھارت کو 9 وکٹ سے ہرا کر، تین میچوں کی سیریز ایک-ایک سے برابر کرلی۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

ONOE JPC

حکومت نے ''ایک ملک، ایک انتخاب'' بِل، وسیع مشاورت کے لیے، مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC کے سپرد کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے لوک سبھا کو بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے خود تجویز رکھی ہے کہ یہ بِل JPC کے حوالے کر دیے جائیں، کیونکہ اِن پر، ہر سطح پر تفصیلی بحث مباحثہ ہونا چاہیے۔

جناب شاہ نے یہ بیان، لوک سبھا میں ہنگامہ آرائی کے دوران دیا، جب قانون کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے آئین کا 129 واں یہ ترمیمی بِل 2024 اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے قانون کا ترمیمی بِل 2024 پیش کیا، تاکہ اِن بِلس پر ایک ساتھ ووٹنگ ہو جائے۔

لوک سبھا میں، جیسے ہی یہ بِل پیش کیے گئے، اپوزیشن پارٹی کے رہنماؤں نے اِس بِل پر اعتراضات ظاہر کرنے شروع کر دیے۔

پارلیمنٹ کے ایوانِ زیریں میں یہ بِلس پیش کرتے ہوئے، جناب میگھوال نے کہا تھا کہ حکومت ''ایک ملک، ایک انتخاب'' بِل کو، JPC کے حوالے کرنے کو تیار ہے۔ انہوں نے اِس بِل پر اعتراض کیے جانے کو محض ایک سیاست قرار دیا۔

S/B Meghwal

اِن دو بِلس کا مقصد ملک میں لوک سبھا اور ریاستی اسمبلی کے انتخابات ایک ساتھ کرائے جانا ہے۔

JPC ایک ایڈہاک کمیٹی ہے جسے پارلیمنٹ نے، کسی مخصوص موضوع یا بِل کی پوری طرح جانچ کرنے کے لیے قائم کیا ہے۔ اِس میں دونوں ایوانوں، برسرِ اقتدار پارٹی اور اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان شامل ہوتے ہیں، البتہ ارکان کی تعداد طے نہیں ہوتی۔ JPC کو جانچ مکمل ہونے کے بعد تحلیل کر دیا جاتا ہے۔ JPC کی سفارشات محض مشورے کی حیثیت رکھتی ہیں اور حکومت JPC کے فیصلے کی پابند نہیں ہوتیں۔ کمیٹی، ماہرین، اداروں، ایسوسی ایشنوں اور افراد سے شواہد بھی حاصل کر سکتی ہے۔ ×

Amit Shah UCC

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ BJP، اپنے اقتدار والی ہر ریاست میں یکساں سِول کوڈ UCC لاگو کرے گی، جیسا کہ پارٹی نے اُتراکھنڈ میں کیا تھا۔

آئین اختیار کیے جانے کا 75 واں سال شروع ہونے کے موقع پر راجیہ سبھا میں، بحث مباحثے کے اختتام پر جناب شاہ نے، ملک بھر میں UCC لاگو کرنے میں ناکامی پر کانگریس پر سخت نکتہ چینی کی۔ وزیر داخلہ نے کانگریس پر، خوش کرنے والی سیاست کرنے کا الزام لگایا اور پارٹی سے کہا کہ وہ اِس بات کی وضاحت کرے کہ ایک سیکولر ملک میں ہر مذہب کے لیے ایک مشترکہ قانون کیوں نہیں لاگو ہو سکتا۔

S/B Amit Shah

جناب شاہ نے کانگریس پر، الیکٹرونک ووٹنگ مشینوں سے متعلق اُس کی طرف سے لگائے گئے الزامات پر بھی سخت نکتہ چینی کی۔ انہوں نے کہا کہ جِن کچھ لوگوں نے، مہاراشٹر کے نتائج کے بارے میں شکایتیں کیں، انہوں نے جھارکھنڈ میں جشن منایا، جہاں JMM کی قیادت والے آئی این ڈی آئی اے اتحاد کو اسمبلی انتخابات میں کامیابی ملی ہے۔

آئین کے 75 سال کے سفر کے بارے میں راجیہ سبھا میں پیر کو بحث شروع ہوئی تھی، جو دو دن تک جاری رہی۔ لوک سبھا میں یہ بحث پچھلے ہفتے کرائی گئی تھی۔ ×

Pradhan

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کا امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی NTA، اگلے سال سے صرف مقابلہ جاتی داخلہ امتحانات کرائے گی، جو تعلیمی اداروں میں داخلے کے لیے کرائے جاتے ہیں۔ ایجنسی بھرتی کے لیے کرائے جانے والے امتحانات نہیں کرائے گی۔

نئی دلّی میں، ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِس کا مقصد یہ ہے کہ امتحانات کو خامیوں سے پاک کیا جائے اور جواب دہی طے کی جائے۔ جناب پردھان نے کہا کہ تعلیم اور صحت وزارتیں اِس بات پر غور خوض کررہی ہیں کہ آیا میڈیکل امتحان NEET-UG، پین اور کاغذ سے کرایا جائے یا اِسے آن لائن کرایا جائے۔

وزیرموصوف نے کہا کہ ممکن ہے کہ NEET-UG کے لیے تفصیلی طریقہ کار کا اعلان دو سے تین ہفتے میں کردیا جائے۔

تعلیم کے وزیر نے اِسرو کے سابق چیئرمین کے۔ رادھا کرشنن کی قیادت والی کمیٹی کی سفارشات کے بارے میں بتایا، جو اُس نے خوش اسلوبی اور شفافیت کے ساتھ امتحانات کرائے جانے اور NTA کو مستحکم کیے جانے کے ضمن میں کی ہیں۔ ×

Rev.President Southern Sojourn

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج حیدرآباد کے قریب Bollarum کے مقام پر، راشٹرپتی نیلایَم میں بہت سی نئی سہولتوں کا افتتاح کریں گی۔ اِن سہولیات میں، نیلایَم آنے والے لوگوں کے لیے ایک عمارت اور یادگاری تحفوں کی ایک دکان بھی شامل ہے۔

وہ مختلف ترقیاتی کاموں کے لیے سنگِ بنیاد بھی رکھیں گی، جو نیلایَم میں شروع کیے جارہے ہیں۔

وہ جمعے کو سکندر آباد میں کالج آف ڈفینس مینجمنٹ کو Presidnt's Colours عطا کریں گی۔×

Agriculture Allocation

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے محکمے کے لیے سال 25-2024 کے دوران، بجٹ میں 6 گنا اضافہ ہوا ہے۔ 14-2013 میں یہ رقم تقریباً 21 ہزار کروڑ روپے تھی جبکہ 25-2024 میں یہ رقم ایک لاکھ 22 ہزار کروڑ روپے ہو گئی ہے۔

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیرِ مملکت رام ناتھ ٹھاکرنے، لوک سبھا میں، ایک تحریری جواب میں بتایا کہ کسانوں کی بہبود کے لیے، جن بڑی اسکیموں پر عمل در آمد کیا جا رہا ہے، اُن میں پردھان منتری سمّان نِدھی پی ایم کسان، پردھان منتری کسان مان دھن یوجنا پی ایم کے ایم وائی، پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا پی ایم ایف بی وائی اور زراعت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کا فنڈ شامل ہے۔×

Singh KIsan Kavach

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر جتیندر سنگھ نے، کل نئی دلّی میں، کسانوں کے لیے اپنی نوعیت کے ایسے پہلے لباس ''کسان کوَچ'' کا آغاز کیا ہے، جو اُنہیں کیڑے مار دواؤں کے مضر اثرات سے محفوظ رکھے گا۔

اِس موقع پر ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ کسان کوَچ، نئے انداز کا ایک ایسا طریقہ ہے، جس سے کسانوں کی حفاظت میں کسی طرح کی خامی دور ہو گی۔

S/B Jitendra Singh

اِس تقریب میں، کسانوں کو، پہلی بار کسان کوَچ بھی تقسیم کیے گئے۔×

BREAK

یہ خبر نامہ آکاشوانی سے نشر کیا جا رہا ہے۔

GONG

Doval China Talks

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال آج بیجنگ میں، بھارت-چین خصوصی نمائندوں کی بات چیت میں حصہ لیں گے۔ اِس کا مقصد دوطرفہ تعلقات میں 4 سال سے حائل تعطل کو دور کر کے دوطرفہ تعلقات بحال کرنا ہے۔ یہ تعطل مشرقی لداخ میں، فوجی تعطل کے سبب ہوا تھا۔

جناب ڈوبھال، چین کے اپنے ہم منصب اور وزیر خارجہ Wang Yi کے ساتھ، خصوصی نمائندوں کی، 23ویں مرحلے کی بات چیت کریں گے۔ امید ہے کہ وہ دونوں ملکوں کے درمیان، مشرقی لداخ میں فوجوں کو پیچھے ہٹائے جانے اور گشت کرنے سے متعلق، 21 اکتوبر کو کیے گئے سمجھوتے کے بعد، دوطرفہ تعلقات، بحال کرنے کے لیے بہت سے معاملات پر بات چیت کریں گے۔ ×

French Prez.PM Modi

فرانس کے صدر ایمانوئل میخاں نے، سمندری طوفان Chido کے بعد کے حالات میں، بھارت کی طرف سے مدد دیے جانے پر، وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ یہ ایک تباہ کن سمندری طوفان تھا، جو ہفتے کے روز فرانس کے، جزیرے مایوٹ میں آیا تھا۔

اِس سے پہلے وزیر اعظم مودی نے اِس سلسلے میں تعزیت کا اظہار کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، فرانس کے ساتھ ہے اور وہ ہر طرح کی ممکنہ مدد فراہم کرنے کو تیار ہے۔ جناب مودی کے پیغام کا جواب دیتے ہوئے صدر میخاں نے سوشل میڈیا پر اُن کا شکریہ ادا کیا۔

اِس سمندری طوفان کے سبب مایوٹ میں، کم سے کم 22 افراد ہلاک اور 1400 سے زیادہ زخمی ہو گئے تھے۔ ×

HP Assembly

ہماچل پردیش قانون ساز اسمبلی کا سرمائی اجلاس آج دھرم شالہ میں تپووَن کے مقام پر شروع ہوگا۔ اِس اجلاس میں کل چار نشستیں ہوں گی۔ یہ اجلاس 21 دسمبر تک جاری رہے گا۔

ایک رپورٹ

V/C Ritesh Kapoor

دھرم شالہ کے تپوون میں آج سے شروع ہونے والے ہماچل پردیش قانون ساز اسمبلی کے اجلاس کے لیے اسمبلی سکریٹیریٹ نے کل 316 سوالات موصول کئے ہیں، جس میں 248 ستارے والے اور 68 غیر ستارے والے سوالات شامل ہیں۔ ساتھ ہی حکومت 15 بِل پیش کرے گی جسے بحث ومباحثہ کے بعد منظور کیا جائے گا۔

اسمبلی اسپیکر کُلدیپ سنگھ پٹھانیہ نے بتایا ہے کہ ہماچل پردیش اسمبلی کی تاریخ میں اِس اجلاس کے دوران پہلی مرتبہ وقفۂ صفر متعارف کیا گیا ہے۔ انھوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ حکمراں پارٹی اور اپوزیشن ممبران دونوں ہی ایوان میں نہ صرف عوامی مفاد کے معاملات کو اٹھائیں گے بلکہ بلا رکاوٹ اجلاس منعقد کرانے میں بھی اپنا تعمیری تعاون دیں گے۔

Rev.Nepal

نیپال میں 13 دسمبر کو شروع ہوئے بھکتاپور مہوتسو نے پچھلے پانچ دن کے دوران لاکھوں سیاحوں کو اپنی جانب متوجہ کیا ہے۔ اِس میلے کا مقصد بھکتاپور کے منفرد اور تاریخی، فن، ثقافت، تہواروں اور طرز زندگی کو دنیا کے سامنے لانا ہے۔ بھکتاپور، کاٹھمنڈو وادی کا ایک ضلع ہے جسے بھکتاپور دربار اسکوائر اور چانگو نارائن مندر جیسے یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کے مقامات کے لیے جانا جاتا ہے۔

ایک رپورٹ

V/C Sweta Singh

میلے کی اِس بھیڑ بھاڑ میں غیر ملکی سیاحوں کو Yomari, Juju Dhau, Bada اور روایتی نِواری کھانا جیسے اسٹال پر کھانوں کا لطف اٹھاتے دیکھا گیا ہے۔

بھکتاپور دربار اسکوائر میں Paubha پینٹنگ نمائش اور کانسے، پتھر اور لکڑی کے روایتی مجسموں کی نمائش منعقد کی گئی۔ سیاحوں نے روایتی رقص بھی دیکھا، جس میں فنکاروں نے Barahi اور لاکھی رقص پیش کیا۔ کئی اسکولوں کے میوزک بینڈس اور مقامی کمیونٹی گروپوں نے مختلف گلیوں اور سڑکوں پر بانسری اور دیگر روایتی ساز بجا کر مارچ کیا۔

مقامی لوگوں کے تیار کردہ دست کاری نمونوں کی بھی نمائش کی گئی اور انھیں فروخت کے لیے رکھا گیا۔

Lanka Visa

بھارتی افراد، اُن اُنتالیس ملکوں کے شہریوں میں شامل ہیں، جنہیں جنوری 2025 سے، سری لنکا کا سفر کرنے کے لیے مفت ویزا دیا جائے گا۔ اِس کا اعلان، بھارت کے دورے پر آئے ہوئے، سری لنکا کے وزیر خارجہ Vijitha Herath نے نئی دلّی میں، بات چیت کے دوران کیا، جس کا اہتمام انڈیا فاؤنڈیشن نے کیا تھا۔

انہوں نے کہا کہ اگلے سال جنوری میں، ایک پارلیمانی گزٹ نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا، جس کے تحت سری لنکا اُنتالیس ملکوں کو مفت ویزا فراہم کرے گا، جن میں بھارت بھی شامل ہے۔

انہوں نے امید ظاہر کی کہ بھارت بھی سری لنکا کو یہی سہولت فراہم کرے گا۔×

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور راجستھان میں دور دور تک شدید سردی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفر آباد میں بھی اگلے دو سے تین روز کے دوران اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

IMD کے مطابق آسام، میگھالیہ، اور مشرقی راجستھان میں آئندہ دو سے تین روز کے دوران گھنا کہرا چھائے رہے گا۔ موسمیات سے متعلق محکمے نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، رایل سیما، ساحلی آندھرا پردیش اور یانم میں اگلے دو روز کے دوران شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

آج دلی این۔ سی۔ آر میں رات اور صبح کے وقت میں دھوئیں اور دھند کے ساتھ درمیانہ درجے کا کہرا چھائے رہنے کا بھی امکان ہے۔x

## Panchayat Funds

مرکز نے مطلع کیا ہے کہ پچھلے تین برسوں کے دوران پنچایتی راج کے محکمے نے 15 ویں مالیاتی کمیشن کی سفارشات کے تحت دیہی بلدیاتی اداروں کے لیے ایک اعشاریہ 43 لاکھ کروڑ روپے کی گرانٹ جاری کی ہے۔

لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں پنچایتی راج کے وزیر مملکت پروفیسر ایس پی سنگھ باگھیل نے کل بتایا کہ ابھی تک کی تازہ جانکاری کے مطابق مختص کی گئی رقم میں سے ایک اعشاریہ چھ لاکھ کروڑ روپے استعمال کیے گئے ہیں۔x

Smart Phone Export Record

بھارت پوری دنیا میں اسمارٹ فون برآمد کرنے والا تیسرا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے۔ 2019 میں بھارت 23ویں مقام پر تھا۔ صنعتی انجمنوں کی طرف سے کمپنیوں کے ذریعے داخل کئے گئے اعداد و شمار کے مطابق ملک کی اسمارٹ فون کی برآمدات نومبر 2024 میں ایک ہی مہینے میں 20ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر گئی۔

سوشل میڈیا پر ایک خبر کے بارے میں بتاتے ہوئے الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے اِس حصولیابی کی تعریف کی اور اِس کو ''میکنگ بھارت اسٹوری'' کا نام دیا۔ x

MP Tourism

مدھیہ پردیش میں سیاحت، ثقافت، مذہبی ٹرسٹ اور اوقاف کے وزیر دھرمیندر بھاو سنگھ لودھی نے کہا ہے کہ ''چَندیری ایکو رِی ٹرِیٹ''، تاریخی اور ثقافتی قصبے چَندیری کو، سیاحتی نقشے پر نمایاں کرنے کی ایک کوشش ہے۔ چَندیری قصبہ منفرد انداز میں، ہینڈلوم ساڑھیوں کے لیے بھی مشہور ہے۔

چَندیری ایکو رِی ٹرِیٹ کے وسیلے سے سیاحوں کو، چَندیری کی مالامال وراثت، قدرتی خوبصورتی اور تاریخی جگہوں سے واقف کرایا جائے گا۔ اِس پہل سے نہ صرف روزگار کے موقعے فراہم ہوں گے اور مقامی کاریگروں اور تاجروں کو فائدہ ہوگا بلکہ چَندیری کی طرف، بھارت اور بیرونِ ملک کے سیاح راغب ہوں گے۔ ×

Gauhati HC Animal Fights

آسام میں، گوہاٹی ہائی کورٹ نے، ریاست میں بھینسوں کی لڑائی اور بُلبل کی لڑائی کا کھیل کرانے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ یہ فیصلہ PETA کی طرف سے داخل کی گئیں اُن درخواستوں پر دیا گیا ہے، جن میں دلیل دی گئی تھی کہ اِس طرح کی لڑائی سے، مویشیوں کے تحفظ سے متعلق قوانین کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔

آسام میں بہت سی جگہوں پر ماگھ بِیہو تقریبات کے دوران اِن جانوروں کی لڑائی کا کھیل کرایا جاتا ہے۔ ×

Womens Ind Vs WI

خواتین کی بین الاقوامی ٹی۔ٹوئینٹی کرکٹ میچ میں ویسٹ انڈیز نے دوسرے میچ میں بھارت کو 9 وکٹ سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز ایک۔ایک سے برابر کرلی۔ یہ میچ رات نوی ممبئی کے ڈی۔وائی۔پاٹل اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔

کپتان ہیلی میتھیوز نے بغیر آؤٹ ہوئے 85 رن بنائے اور ویسٹ انڈیز نے 160 رن کا جیت کا نشانہ اُس وقت حاصل کرلیا جب 26 گیندیں کھیلے جانا باقی تھیں۔انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اِس سے قبل بھارت نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 159 رن بنائے تھے۔ سلامی بلے باز اور کپتان اسمرتی مندھانا نے سب سے زیادہ 62 رن بنائے۔آخری ٹی ٹوئینٹی میچ کل کھیلا جائے گا۔x

Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کی تریسا جولی اور گایتری گوپی چند کی خواتین کی ڈبلز جوڑی نے BWF کی تازہ ترین عالمی درجہ بندی میں اپنے کیریئر کا بہترین 11 واں مقام حاصل کیا ہے۔

اِس دوران مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین عالمی درجہ بندی میں مردوں کے بہترین کھلاڑی کے طور پر 12 ویں مقام پر رہے۔خواتین کے سنگلز میں پی۔وی۔سندھو ایک اور پائیدان اوپر آکر عالمی درجہ بندی میں اب 15 ویں نمبر پر آگئی ہیں۔

ستوِک سائیراج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی عالمی درجہ بندی میں فی الحال 9 ویں مقام پر ہیں۔x

Chess Rapid Blitz

شطرنج میں نئے عالمی چیمپین D Gukesh نے آئندہ ہونے والے فیڈے ورلڈ ریپڈ اور Blitz چیمپین شپ سے اپنا نام واپس لے لیا ہے۔

نام واپس لینے کی یہ پیش رفت عالمی شطرنج چیمپین شپ کے بعد ہوئی ہے جس میں انھوں نے Ding Liren کے خلاف شاندار جیت حاصل کی تھی۔

بھارت کی نمائندگی ارجن اِریگیسی اور آر۔پراگننداکریں گے۔ یہ مقابلہ نیویارک میں اس ماہ کی 26 سے 31 تاریخ کے درمیان منعقد ہوگا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ:news on air.com slash urduپر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں:......اسعد اللہ

شکریہ-اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب اور ملاپ سمیت کئی اخباروں نے ''ایک ملک ایک انتخاب'' سے متعلق بل کو لوک سبھا میں پیش کئے جانے کو پہلی بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے جبکہ روزنامہ پرتاپ نے اس کے تعلق سے دیے گئے وزیر داخلہ امت شاہ کے اِس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ہمارا آئین خوبصورت ہے ہم نے اپنی وراثت کو محفوظ رکھا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے راجستھان کی بھجن لال حکومت کے ایک سال مکمل ہونے پر منعقد ایک پروگرام میں وزیر اعظم نریندر مودی کے شرکت کئے جانے اور سڑکوں، بجلی، پانی اور ریلوے سے متعلق 24 پروجیکٹوں کا افتتاح کئے جانے اور سنگِ بنیاد رکھے جانے کی خبر کو پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ہندوستان ایکسپریس نے حکومت کے ذریعے 2024-25 کے لیے گرانٹس کے ضمنی مطالبات صوتی ووٹوں سے منظور کیے جانے کی خبر کو صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔اخبار، وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کے حوالہ سے لکھتا ہے کہ حکومت بدعنوانی کے سخت خلاف ہے اور کسی بھی سطح پر اقتصادی مجرموں کو بخشا نہیں جائے گا۔

آج کے کئی اخباروں نے زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کے پارلیمنٹ میں دیے گئے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ 2014 کے بعد سے کسانوں کی آمدنی میں تقریباً پانچ گنا اضافہ ہوا ہے۔

اخبارات میں، بھارت کو دفاعی شعبہ میں خود کفیل بنائے جانے، یوپی اسمبلی کے سرمائی اجلاس میں عبوری بجٹ پیش کئے جانے، دہلی میں آلودگی کے سبب گریپ 4 کے نافذ کیے جانے کی خبریں بھی نمایاں ہیں۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت نے ''ایک ملک، ایک انتخاب'' بِل کو، وسیع مشاورت کے لیے، مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے سپرد کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ BJP اپنی حکمرانی کے تحت ہر ریاست میں یکساں سِول کوڈ نافذ کرے گی۔

3- امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی، اگلے سال تعلیمی اداروں میں، داخلے کے لیے صرف داخلہ امتحانات کرائے گی اور وہ بھرتی سے متعلق کسی امتحان کا انعقاد نہیں کرائے گی۔

4- قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال آج بیجنگ میں، بھارت-چین خصوصی نمائندوں کی بات چیت میں حصہ لیں گے۔

5- سری لنکا، اگلے مہینے سے، بھارتی باشندوں کو سفر کے لیے مفت ویزا فراہم کرے گا۔

6- اور ویسٹ انڈیز نے خواتین کے T20 بین الاقوامی میچ میں، بھارت کو 9 وکٹ سے ہرا کر، تین میچوں کی سیریز ایک-ایک سے برابر کرلی۔

اسی کے ساتھ یہ خبرنامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------